18-12-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اِس مہینہ کی 20 اور 21 تاریخ کو حیدرآباد کا دورہ کریں گے۔

۲۔ ریاستی الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ ریاست میں دوسرے گرام پنچایت انتخابات کا عمل مکمل ہوگیا ہے۔اس کے ساتھ ہی انتخابی ضابطہ اخلاق آج شام برخواست کردیا گیا۔

۳۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ گرام پنچایت انتخابات کے نتائج گزشتہ دوسال کے دوران کانگریس حکومت کی کارکردگی پر عوام کے اطمینان کی عکاسی کرتے ہیں۔

۴۔دفتر موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ آئندہ تین دن کے دوران ریاست میں سرد لہر جاری رہے گی۔

Panchayat Election

تلنگانہ میں سرپنچوں اور وارڈ ممبرس کے عہدوں کیلئے منعقدہ گرام پنچایت انتخابات کے تیسرے اور آخری مرحلہ میں بھی کانگریس کے تائیدی امیدواروں کی کامیابی کا سلسلہ جاری رہا۔کل منعقدہ انتخابات میں 85.77 فیصد رائے دہی ہوئی۔ اِس مرحلہ میں ایک ہزار 204 سرپنچ اور 25 ہزار 551 وارڈ ممبرس بلا مقابلہ منتخب ہوئے۔ ریاستی الیکشن کمیشن نے تمام تین مراحل میں 12 ہزار 728 سرپنچوں اورایک لاکھ 12 ہزار 242 وارڈ ممبرس کیلئے انتخابات کرائے۔بعض اضلاع میں حکمراں کانگریس اور بی آر ایس کے کارکنوں کے درمیان جھڑپوں کے اکا دوکا واقعات کو چھوڑ کر پولنگ پرامن رہی۔ کانگریس کے تائیدی امیدواروں نے جملہ 6 ہزار سے زائد سرپنچوں کے عہدوں پر کامیابی حاصل کی۔ بی آر ایس کے تائیدی امیدواروں نے 3 ہزار سے زائد نشستیں حاصل کیں۔ بی جے پی کے تائیدی امیدوار 600 سے زیادہ گرام پنچایتوں میں کامیاب رہے۔آزاد امیدواروں اور دوسروں نے ایک ہزار 500 سے زائد نشستیں حاصل کیں۔

Weather

دفتر موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ آئندہ تین دن کے دوران ریاست میں سرد لہر جاری رہے گی۔ اس نے بتایا کہ اقل ترین درجہ حرارت معمول سے تین تا چار ڈگری کم رہنے کا امکان ہے۔ عادل آباد، کمرم بھیم آصف آباد، سنگاریڈی، میدک، منچریال، ورنگل، ہنمکنڈہ، وقارآباد اور کاماریڈی اضلاع کو ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

KTR

بھارت راشٹر سمیتی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے سرسلہ حلقہ میں بی آر ایس کے تائیدی امیدواروں کی کامیابی پر مسرت کا اظہار کیا ہے۔ اس حلقہ میں 117 گرام پنچایتوں میں سے 80 گرام پنچایتوں میں بی آر ایس کے امیدواروں کو کامیابی ملی۔ انہوں نے کہا کہ ان نتائج سے صاف ہوتا ہے کہ سرسلہ کے عوام کے ساتھ بی آر ایس کا تعلق کتنا مضبوط ہے۔ انہوں نے گزشتہ 20 سال سے بی آر ایس کی تائید کرنے پر عوام کا شکریہ ادا کیا۔

Vice President

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اِس مہینہ کی 20 اور 21 تاریخ کو حیدرآباد کا دورہ کریں گے۔ 20 تاریخ کو شمس آباد ایرپورٹ پر آمد کے بعد وہ سیدھے راموجی فلم سٹی جائیں گے جہاں وہ پبلک سروس کمیشن کے صدورنشین کی قومی کانفرنس کے اختتامی اجلاس سے خطاب کریں گے۔ بعد میں وہ لوک بھون میں شب بسری کریں گے۔ 21 تاریخ کو وہ رنگاریڈی ضلع کے کنہا شانتی ونم کا دورہ کریں گے اور وہاں ورلڈ میڈی ٹیشن ڈے تقاریب میں شرکت کریں گے۔ بعد میں وہ شمس آباد ایرپورٹ سے دہلی کیلئے روانہ ہوجائیں گے۔ نائب صدر جمہوریہ کے دورہ کے سلسلہ میں انتظامات کا چیف سکریٹری راما کرشنا راؤ نے کل ایک اجلاس میں جائزہ لیا۔

CM

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ گرام پنچایت انتخابات کے نتائج گزشتہ دو سال کے دوران کانگریس حکومت کی کارکردگی پر عوام کے اطمینان کی عکاسی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس کے قائدین عوام میں رہتے ہوئے ان کے مسائل حل کرنے کی کوششیں جاری رکھیں گے۔ انہوں نے آج حیدرآباد میں ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ اور چند وزرائ کے ساتھ مل کر ایک پریس کانفرنس سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو سال کے دوران منعقدہ تمام انتخابات میں عوام نے کانگریس کے حق میں واضح فیصلہ سنایا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی فلاحی اسکیموں کی وجہ سے ہی ایسا ہوا ہے۔ چیف منسٹر نے کہا کہ ان کی پارٹی 6 ضمانتوں کے علاوہ آزادی کی ساتویں ضمانت بھی دے رہی ہے۔

Sound Byte - CM

پانچ ارکانِ اسمبلی کو نااہل قرار دینے کی درخواستوں پر اسپیکر کے فیصلہ کے بعد ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے چیف منسٹر نے کہا کہ سیاسی پارٹی کی حیثیت سے اس معاملہ پر انہیں کچھ نہیں کہنا ہے۔

Lok Adalat

اسٹیٹ لیگل سرویس اتھاریٹی نے اعلان کیا ہے کہ اس مہینہ کی 21 تاریخ کو نیشنل لوک عدالت منعقد کی جا رہی ہے۔ اس نے بتایا کہ ہائی کورٹ سے لے کر تعلقہ کی سطح کی عدالتوں تک تمام سطحوں پر منعقد ہونے اس لوک عدالت میں زیر التوا مقدمات کا تصفیہ ہوگا۔ اتھاریٹی نے عوام سے کہا ہے کہ وہ اس موقع سے استفادہ کریں۔

Election Commission

ریاستی الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ ریاست میں دوسرے گرام پنچایت انتخابات کا عمل مکمل ہوگیا ہے۔ کمیشن نے اعلان کیا کہ انتخابی ضابطہ اخلاق آج شام پانچ بجے برخواست کردیا گیا۔سرپنچوں کے جملہ 11 ہزار 497 عہدوں اور وارڈ ممبرس کے 85 ہزار 955 عہدوں کیلئے انتخابات منعقد ہوئے۔ایک ہزار 205 سرپنچ اور 25 ہزار 848 وارڈ ممبرس اتفاقِ رائے سے منتخب ہوئے۔تین مراحل میں منعقدہ انتخابات میں جملہ ایک کروڑ 35 لاکھ ووٹروں میں سے 85.3 فیصد نے رائے دہی میں حصہ لیا۔کمیشن نے انتخابی فرائض کی انجام دہی کے دوران فوت ہونے والے ملگ ضلع کے ایم پی ڈی او راجندر پرساد اور آصف آباد ضلع کے اے ای کٹا راجو کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے متعلقہ ضلع کلکٹروں کو ہدایت دی کہ وہ ان دونوں کے خاندانوں کو ایکس گریشیاء ادا کریں۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی جی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ کوئلہ کی کانوں کی نیلامی کی نئی پالیسی کے تحت 136 کانوں کی نیلامی کامیابی کے ساتھ مکمل ہوگئی ہے۔اس کے ذریعہ ریاستوں کو 43 ہزار 330 کروڑ روپیوں کی آمدنی حاصل ہوئی ہے اور 4 لاکھ افراد کو روزگار کی فراہمی کے مواقع دستیاب ہوئے ہیں۔کشن ریڈی نے دہلی میں فیوچر کول انڈیا چاپٹر کے افتتاح کے موقع پر یہ بات کہی۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ چند سال کے دوران کوئلہ کے شعبہ میں کئی اصلاحات لائی گئیں جن کے نتیجہ میں ملک میں کوئلہ کی پیداوار 565 ملین ٹن سے بڑھ کر ایک بلین ٹن ہوگئی۔انہوں نے کہا کہ پہلی مرتبہ ملک میں کوئلہ کے ذخائر 50 ملین ٹن سے تجاوز کرگئے ہیں۔

Punnam

پسماندہ طبقات کی بہبود کے وزیر پرنم پربھاکر نے آج صبح حسن آباد کا دورہ کیا۔ انہوں نے مقامی قائدین اور کارکنوں کے ساتھ مل کر بائیک چلاتے ہوئے میونسپلٹی میں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے امبیڈکر بھون کا دورہ کرتے ہوئے وہاں جاری سی سی روڈ اور ڈرینج کے کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے میونسپل کمشنر اور دیگر عہدیداروں کو ضروری ہدایت دی۔

PSCs National Conference

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل حیدرآباد میں ریاستی پبلک سرویس کمیشن کے صدورنشین کی قومی کانفرنس کا افتتاح کریں گی۔ تلنگانہ اسٹیٹ پبلک سرویس کمیشن کی جانب سے یہ قومی کانفرنس شہر کے مضافات میں راموجی فلم سٹی میں منعقد ہورہی ہے۔ نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اس دوروزہ کانفرنس کے اختتامی اجلاس میں شرکت کریں گے۔ کانفرنس میں گورنر جشنو دیو ورما، چیف منسٹر ریونت ریڈی اور یو پی ایس سی کے چیرمین اجئے کمار شرکت کریں گے۔ اس کانفرنس میں سرکاری ملازمین کی بھرتی کے عمل میں شفافیت اور جوابدہی میں اضافہ، امتحانات کے انعقاد میں درپیش چیلنجوں اور اصلاحات، جدید ٹکنالوجی کے استعمال اور دیگر امور پر غور وخوص ہوگا۔

Chief election Commissioner

چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کل حیدرآباد کے شمس آباد ایرپورٹ پہنچیں گے اور وہاں سے سری سیلم کیلئے روانہ ہوجائیں گے۔ وہ پرسوں حیدرآباد میں قلعہ گولکنڈہ، حسین ساگر اور چارمینار کا دورہ کریں گے۔ اتوار کو وہ سالار جنگ میوزم جائیں گے اور رویندر بھارتی آڈیٹوریم میں بوتھ کی سطح کے عہدیداروں سے خطاب کریں گے۔

○○